# انڈیا فاؤنڈیشن فاردی آ رٹس(IFA)
# **آرٹس ریسرچ** پروگرام
# کے لیے تجاویز مطلوب ہیں
# **آخری تاریخ : اگست 10، 2026**

دیگر ہندوستانی زبانوں میں درخواست پڑھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

آرٹس پروگرام کا از سر نو آغاز 2025 میں ہوا۔ یہ پروگرام آرٹس میں تحقیق کے لیے مختلف اور لچکدار نظریات کی قدر کو تسلیم کرتا ہے۔ اس پروگرام کے تحت، ہم ایسے پروجیکٹس کو نافذ کرتے ہیں جو غورو فکر کے ایسے طریقہ کار کو دریافت کریں جن کی جڑیں تخلیقی، علمی اور/یا ثقافتی عمل سے جڑی ہیناور تفتیش، تعامل،عکاسی اور تجربہ کے ذریعہ ہندوستان میں فنکارانہ عمل کے اظہار اور اسکی تواریخ کی گہری سمجھ کو فروغ دینے کے لیے متنوعنقطہ نظر کو سامنے لاتے ہیں۔

ان منصوبوں میں، آرٹس کی تحقیق کو اس طرح سمجھا جا سکتا ہے:

- **مشق** کی ایک شکل جہاں فنون لطیفہ میں تحقیق کرنے، بیان کرنے اور پھیلانے کے نئے طریقے تیار کیے جاسکیں۔ ہم ایسے مطالعات کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جو تجربات کو فروغ دیتے ہیں، دستاویزات سے آگے تحقیق کرتے ہیں، فنون پر تحقیق کرنے والوں کو چیلنج کرتے ہیں،ساتھ ہییہ سمجھتے ہیں کہ تحقیق کے لیے کیااہم ہے اور کیسے۔
- جوساخت، ٹیکنالوجی، ذاتی بیانیے، یادوں، تجربات، رشتوں اور تخیل کے ذریعہ جاننے اور سوچنے کے منفرد طریقوں سے**افکار**کو دوبارہ تصورکرتے ہیناور نئی تصوراتی بنیادوں کی شروعات کرتے ہیں۔
- کسی کے تخلیقی /فنکارانہ /ثقافتی عملکے بارے میں براہ راست **تفتیش۔** ہم تحقیق کے ایسے عمل کو دریافت کرنے کے خواہاں ہیں جہاں منفرد لوگ خود اضطراری ہوں، اور جوخود کی اور دوسرے کی تحقیق کو مستقبل شناسی کے طور پر دیکھیں۔

- موجودہ بیانیے اور نمائندگی کی اصناف کے بارے میں **سوال** کرنا متنوع نقطہ نظر کو پیش کرتا ہے جو ہندوستان میں تاریخ، ثقافتی ورثے، اور فنکارانہ طریقوں کے اظہار کا دوبارہ جائزہ لیتے ہیں۔ اس لیے تحقیق کو کمیونٹی کی مصروفیت کے مطابق ، آرٹ اور اس سے منسلک شعبوں کی تاریخ پر نظرثانی کے لحاظ سے بھی دیکھا جا سکتا ہے اور ساتھ ہی اس بات کی بھیتلاش کی جا سکتی ہے کہ مستقبل کے فنکارانہ عمل کیسے ہوں گے۔
- **پسماندہ آوازوں کے اظہار** کا ایک ذریعہ جو نئی زبانوں، ذخیرہ الفاظ، اور گھریلو وسائل کی تخلیق کا باعث بن سکتا ہے۔جس میں 'حاشیائی' یا' غالب' کی از سر نو تعمیر کی تشخیص کو بھی دوبارہ شامل کیا جا سکتا ہے۔
- **مکالمے کا ایک عمل**۔ ہم مضامین اور آرٹ کی اصناف(مثال کے طور پر، آرٹ اور سائنس، آرٹ اور فلسفہ، آرٹ اور ڈیجیٹل میڈیا، تھیوری اور پریکٹس)کے درمیان  نتیجہ خیزتبادلے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے منصوبوں کو نافذ کرتےہیں۔ ہم فنکارانہ اور تحقیقی عمل، نظریہ، ثقافت، شعبوں، اور تکنیک کے درمیان اشتراک اور تعاون کی نئی شکلیں تلاش کرنے والوں کے ساتھ مشغول ہونے میںدلچسپی رکھتے  ہیں۔
- **ترجمہ کا ایک عمل** جو تحقیق میں تعاون کرتاہے۔ ہم ان افراد کی تجاویز کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جو ترجمے کی مشق کے ہمہ جہت مباحث کو دریافت کرنا چاہتے ہیں، کثیر لسانی طریقوں کے ساتھ تجربہ کرنا چاہتے ہیں، اور /یا ترجمے کی تہذیبی قدر کا مطالعہ کرنا چاہتے ہیں۔

**آرٹس میں تحقیق کے خیال کو وسعت دینے والے ان مرکوزدائرہ کار سے باہر کی درخواستوں کا بھی استقبال ہے ۔**

**پروجیکٹ کی مدت:**

کم از کم مدت ایک سال اور زیادہ سے زیادہ  18ماہ۔

**بجٹ:**

آپ  -/5,00,000روپے تک کا بجٹ بنا سکتے ہیں۔ آپ اعزازیہ کی درخواست کر سکتے ہیں، جو کہ مجوزہ بجٹ کے 35%سے زیادہ نہ ہو۔(براہ کرم ادارہ

جاتی اخراجات، عمارت کے اخراجات، یا بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لیے بجٹ نہ بنائیں۔ بجٹ آلات کی خریداری کی بھی اجازت نہیں دیتا، لیکن اگر آپ کو پروجیکٹ کے لیے سامان خریدنا ضروری ہے، تو پروجیکٹ مکمل ہونے کے بعد اسے IFA کو واپس کرنا لازمی ہوگا۔)

**درخواست کی اہلیت:**

اسکالرز، پریکٹیشنر ریسرچرز، آرٹسٹ ایکٹوسٹ، کیوریٹر، مترجم، آرٹسٹ ایجوکیٹرز، مصنفین، فلسفی، گیمرز، یا **دیگر افراد** جو خود کو ریسرچ پریکٹس کےدائرے میں شامل کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں ۔

**جمع کرانے کی ہدایات:**

- ہم اس بات کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ حتمی پروپوزل بھیجنے سے پہلے پروجیکٹ کے آئڈیاز تیار کرنے کے لئے ہم سے کسی بھی استفسار پر بات کریں۔ **Harshita Bathwal, Programme Officer, Arts Research** ہرشتا بتھوالکو، پروگرام آفیسر، آرٹس ریسرچ، **harshita@indiaifa.org** پر **پیر، جولائی 11، 2026** سے پہلے لکھیں جس کی سبجیکٹ لائن ہو **Project Proposal for Arts Research**۔
- آپ انگریزی سمیت کسی بھی ہندوستانی زبان میں اپنا پروپوزل لکھ سکتے ہیں۔
- مجوزہ پروجیکٹ میں تحقیقی سوالات، مجوزہ مقاصد، ذاتی محرکات اور اس میں شامل اسٹیک ہولڈرز کے حوالے سے وضاحت ہونی چاہیے۔
- ہم درخواست دہندگان کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ ایسے نتائج یا عمل کے ساتھ پروجیکٹ آئیڈیاز تیار کریں جن کو عوامی شعبے میں پیش کیا جا سکے۔ یہ متنی، بصری، عملی، کیوریٹریل، تدریسی، مقامی، مواد، دستاویزی، صوتی، ڈیجیٹل، یا ثقافتی شراکت کی کوئی دوسری شکل ہو سکتی ہے۔ پروجیکٹس کا مقصد ایک وسیع اور متنوع سامعین کے لیے قابل رسائی اور بامعنی ہونا چاہیے، جس میں ایک سے زیادہ قسم کی عوام کو شامل کیا جاسکے۔

- آپ کی حتمی تجویز، آپ کے بایوڈیٹااور**بجٹ کی تفصیلی بریک ڈاؤن**کے ساتھ جسمیں بتایا گیا ہو کہ رقم کا استعمال کیسے کیا جائے گا، **10**اگست **2026**، کو **11:59 PM** (IST) یا اس سے پہلے harshita@indiaifa.orgپر ای میل کے ذریعے جمع کرایا جائے جو25 ام بی سے زیادہ وزنی نہ ہو۔

**اہلیت کا معیار:**

صرف ہندوستانی شہری ہی درخواست دے سکتے ہیں۔ اس میں PIO (Persons of Indian Origin) اور OCI (اوورسیز سٹیزن آف انڈیا) کارڈ ہولڈرز شامل نہیں ہیں۔

درخواست دہندگان کے پاس شناخت اور شہریت کے ثبوت کے لیے PAN کارڈ اور درج ذیل میں سے ایک ہونا ضروری ہے - ہندوستانی پاسپورٹ یا آدھار کارڈ یا ہندوستان کا ووٹر شناختی کارڈ ۔

صرف افراد ہی درخواست دے سکتے ہیں۔ کسی بھی قسم کی تنظیمیں درخواست نہیں دے سکتیں۔

اگر منصوبوں میں تعاون کرنے والے ہیں، تو وہ بھی ہندوستانی شہری ہونے چاہئے۔

وہ افراد جو IFA کے ساتھ مالی جرم میں وابستہ ہیں اہل نہیں ہیں ۔

وہ افراد جو IFA میں جمع کرانے میں ناکام رہے ہیں وہ پہلے کی IFA گرانٹ سے ڈیلیوری ایبلز پر متفق نہیں ہیں۔

افراد جو پہلے کی IFA گرانٹ سے متفق ادائیگی کو جمع کرنے میں ناکام رہے ہیں وہ اہل نہیں ہیں۔

وہ افراد جنہیں پہلے IFA کی طرف سے ایک خط موصول ہوا ہے جس میں انہیں کسی بھی وجہ سے مستقبل میں درخواست دینے کی اجازت نہیں دی گئی ہے اہل نہیں ہیں۔

IFA کی طرف سے نافذ کردہ پروجیکٹ پر فی الحال کام کرنے والے افراد درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں۔

اگر ان کا مشترکہ اکاؤنٹ ہے تو ایک سے زیادہ افراد درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر وہ ایسا نہیں کرتے ہیں تو ان میں سے صرف ایک کو دوسروں کے ساتھ معاون کے طور پر درخواست دینی چاہئے۔

**انتخاب کا عمل:**

ایک بیرونی پینل شارٹ لسٹ کردہ تجاویز کا جائزہ لے گا، اور درخواست دہندگان کو پینل کے سامنے اپنے پروجیکٹ کے آئڈیاز پیش کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ پروجیکٹ کے انتخاب پر IFAکا فیصلہ حتمی ہوگا۔

براہ کرم نوٹ کریں کہ نامکمل تجاویز اور جودرخواست دہندگان اہلیت کے معیار میں نہیں آتے ہیں ان پر غور نہیں کیا جائے گا۔

تمام منتخب منصوبے IFAکے ذریعے نافذ کیے جائیں گے۔

**اہم تاریخیں:**

- پروجیکٹ آئیڈیاز/استفسارپر گفتگو کی آخری تاریخ: **جولائی 11، 2026**
- حتمی پروپوزل کی آخری تاریخ: اگست 10، 2026
- منتخب منصوبوں کا اعلان:2026 نومبر
- پروجیکٹ کا آغاز:2027جنوری (تبدیلی کے تابع)

**IFAخاص طور پر انگریزی کے ساتھ ہندوستانی زبانوں میں پروجیکٹس کی حوصلہ افزائی کرتا ہے، تاکہ مختلف زبانوں کے سیاق سےگفتگو میں تعاون کیا جا سکے۔**

براہ کرم نوٹ کریں کہ IFA بچوں سمیت ہر کسی کے لئے احترام، تحفظ اور حمایت کا ایک محفوظ ماحول بنانےکے لئے پر عزم ہے۔ درخواست دہندہ کو اس کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے اور اسے ہر وقت برقرار رکھنا چاہیے۔

**واٹس ایپ نوٹ**

**درخواست برائے تجاویز: آرٹس ریسرچ پروگرام**

**انڈیا فاونڈیشن فار دی آرٹس (IFA)آرٹس ریسرچ پروگرام**،جس کا از سر نو آغاز2025 میں ہوا، ہوایہ پروگرام آرٹس میں تحقیق کے لیے مختلف اور لچکدار نظریات کی قدر کو تسلیم کرتا ہے۔ اس پروگرام کے تحت، ہم ایسے پروجیکٹس کو نافذ کرتے ہیں جو غورو فکر کے ایسے طریقہ کار کو دریافت کریں جن کی جڑیں تخلیقی، علمی اور/یا ثقافتی عمل سے جڑی ہیناور تفتیش، تعامل،عکاسی اور تجربہ کے ذریعہ ہندوستان میں فنکارانہ عمل کے اظہار اور اسکی تواریخ کی گہری سمجھ کو فروغ دینے کے لیے متنوعنقطہ نظر کو سامنے لاتے ہیں۔

**آخری تاریخ:** اگست 10، 2026

آپ اپنے پروپوزل انگریزی سمیت کسی بھی ہندوستانی زبان میں بھیج سکتے ہیں۔ استفسار اور جمع کرنے کے لئے ہرشتا بتوال کو سبجیکٹ لائن **Project Proposal for Arts Research**کے ساتھ harshita@indiaifa.orgرابطہ کریں۔

سبھی ہدایات یہاں اردو زبان میں دیکھی جا سکتی ہیں۔